Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ٹیلیفون نمبر ۹۱ — رجسٹرڈ ایل نمبر

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا

# روزنامہ الفضل قادیان

یوم پنجشنبہ

جلد ۳۱ | ۱۴ ماہ اخاء ۱۳۲۲ ہش | ۱۴ شوال ۱۳۶۲ ھ | ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۳ء | نمبر ۲۴۱

## مدینۃ المسیح

ڈلہوزی ۱۳ ماہ اخاء - سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے متعلق صبح ۹½ بجے بذریعہ فون یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حضور کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت بھی بفضل خدا اچھی ہے۔ ثم الحمد للہ

محترمہ بیگم صاحبہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب بھی خیریت سے ہیں۔ الحمد للہ

بیگم صاحبہ صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کی صحت پہلے کی نسبت کسی قدر اچھی ہے۔ احباب مکمل صحت کے لئے دعا جاری رکھیں۔

قادیان ۱۳ ماہ اخاء - قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری اور مولوی عبد الغفور صاحب بھا کے دورہ سے واپس آگئے ہیں

کل بعد نماز عصر تعلیم الاسلام ہائی سکول کی گراؤنڈ میں مجلس خدام الاحمدیہ کے زیر اہتمام قادیان کے اطفال اور دیگر دیہات کے دوگروپوں کے درمیان جھنڈا جنگ ہوئی ---- بابو حمید احمد صاحب افسر ریلوے نے کل شام اپنے ولیمہ کی دعوت دی

روزنامہ الفضل قادیان — ۱۴ شوال ۱۳۶۲ھ

# اپنی کوتاہیوں کی ذمہ داری دوسرں پر ڈالنے کا نقصان دہ اصول

معزز معاصر مدینہ نے عید الفطر کے عنوان سے ایک مقالہ شائع کیا ہے جس میں مسلمانوں کو توجہ دلائی ہے۔ کہ اس عید کا واحد فریضہ صدقۂ فطر ہے۔ پھر لکھا ہے کہ ہندوستان میں ایسے صاحب مقدرت مسلمانوں کی تعداد جن پر یہ صدقہ واجب ہے۔ اڑھائی کروڑ سے کم نہ ہوگی اور پھر حساب لگایا ہے۔ کہ اگر یہ سب صدقہ وصول ہو جائے۔ تو ۶½ لاکھ روپیہ کی رقم بنتی ہے۔ اور یہ ایک ایسی رقم ہے جس سے کئی کام سنور سکتے ہیں۔ اور ان ایام میں اس سے اہل بنگال و بہار کی مصیبت میں بہت حد تک کمی ہو سکتی ہے۔ اور ایسا ہوتا کیوں نہیں؟ اس سوال پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ مسلمانوں میں "تنظیم کا نہ ہونا قوم کو ایسے فوائد سے محروم رکھ رہا ہے۔ جو صدقۂ فطر سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ تنظیم کیوں نہیں۔ اس کی بڑی عجیب و غریب وجہ بیان کی گئی ہے۔ لکھا ہے۔ کہ

"ہماری غلامی کی سب سے بڑی بد نصیبی یہ ہے۔ کہ ہمارے کسی کام میں ضبط و تنظیم کی شیرازہ بندی باقی نہیں رہی۔ جدھر دیکھو۔ ہر ایک اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنائے کھڑا ہے۔ غیروں کی حکومت میں اس کے سوا ہو بھی کیا سکتا ہے"

اور عدم تنظیم کے یہ سبب بیان کر دینے کے بعد مسلمانوں کو مشورہ دیا ہے۔ کہ وہ اس طرف متوجہ ہوں۔ لکھا ہے :-

"کسی آل انڈیا پیمانے پر کام شروع کرنے یا آل انڈیا لیڈروں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کی کوشش کرنے کی مطلق ضرورت نہیں۔ ہر بڑے کام کا اصول یہ ہے۔ کہ اُسے پہلے چھوٹے پیمانے پر شروع کیا جائے۔ وغیرہ وغیرہ"

جہاں تک صدقۂ فطر کے متعلق معاصر مدینہ کے خیالات کا تعلق ہے۔ ان سے اختلاف کی ضرورت نہیں۔ لیکن اپنی تمام مصیبتوں اور کوتاہیوں کی ذمہ داری غیر ملکی حکومت کے سر پر ڈال دینے کا فلسفہ کبھی ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ اور باتوں کو تو جانے دیجئے۔ اتنی بات تو بالکل واضح ہے۔ کہ ایسی باتوں کا نفسیاتی نتیجہ یہ ہونا چاہیئے۔ اور یہی ہو سکتا ہے۔ کہ بعض افراد اس قسم کے خیالات سے متاثر ہو کر ترقی کے لئے جو تھوڑی بہت جد و جہد کر سکتے ہیں۔ اس سے بھی غافل ہو جائیں۔ اور اس ذہنیت کا شکار ہو جائیں۔ کہ جب تک یہاں غیر ملکی حکومت قائم ہے۔ ان کی اندرونی اور قومی اصلاح کی کوئی امید نہیں اور ظاہر ہے۔ کہ اس خیال کا پیدا ہونا کتنا خطرناک ہو سکتا ہے۔ بیشک ہندوستان میں غیر ملکی حکومت قائم ہے۔ مگر یہ کہ مسلمان اگر صدقۂ فطر بھی باقاعدہ طور پر فراہم نہیں کر سکتے۔ اور اس سے کما حقہٗ فوائد حاصل نہیں کر سکتے۔ تو اس کی ذمہ واری اس حکومت کے سر پر ہے یہ خلاف دیانت بات ہے مسلمانوں میں اگر ایسی اہلیت ہو۔ کہ وہ منتظم طور پر صدقۂ فطر کی فراہمی کا انتظام کر سکیں۔ اور اسے جس طرح چاہیں صرف کر سکیں۔ تو حکومت کا کوئی قانون ایسا نہیں۔ جو ان کی راہ میں حائل ہو حکومت نے کبھی اس بات میں دخل نہیں دیا۔ کہ صدقۂ فطر کیسے وصول اور کیسے خرچ کیا جائے۔ جماعت احمدیہ میں ہمیشہ ایک باقاعدہ تنظیم کے ساتھ اس صدقہ کو وصول کیا جاتا۔ اور نہایت صحیح رنگ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن حکومت نے اس میں کبھی مداخلت نہیں کی۔ پس اپنی نااہلیت اور اپنی کوتاہیوں کی ذمہ واری دوسروں پر ڈالنے کا اصول نہ صرف یہ کہ صحیح نہیں بلکہ اس لحاظ سے سخت نقصان دہ ہے۔ کہ اس سے ترقی کرنے کی خواہش اور اس کے لئے جد و جہد کا احساس بھی مٹ جاتا ہے۔ اور پھر اس کا ایک اور نقصان جو بہت ہی خطرناک ہے۔ یہ ہے۔ کہ اپنے زوال اور پستی کو غیر ملکی حکومت کے وجود سے منسوب کرنے کے بعد اصل نقائص اور حقیقی اسباب و علل کی تلاش کی طرف توجہ ہی نہیں جا سکتی۔ اور ظاہر ہے کہ جب بیماری کی اصل وجہ معلوم کرنے کا خیال ہی دل میں نہ آئے۔ تو اس کے علاج کی طرف کس طرح توجہ دی جا سکتی ہے۔ اور صحت یابی کی صورت کیا ہو سکتی ہے۔ جو قوم اس خیال میں مبتلا ہو جائے کہ اندرونی طور پر ہمارے اندر کوئی نقص نہیں، کوئی خامی نہیں۔ ہمارے عقائد و اعمال میں کوئی ایسی بات نہیں۔ جو ہماری ترقی کی راہ میں حائل ہو سکے۔ اور ہمارے کیریکٹر میں وہ تمام خوبیاں اور جوہر موجود ہیں۔ جو دنیا پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ اور آج دنیا میں ہماری پستی اور ہماری کمزوری کا اصل باعث ان چیزوں کا فقدان نہیں۔ بلکہ ایک غیر ملکی حکومت کا وجود ہے، جو ہم پر مسلط ہے۔ تو وہ اپنی خامیوں اور نقائص کو دور کرنے کی طرف کیوں توجہ کرے گی۔ پس معزز معاصر مدینہ اور اسی قبیل کے دوسرے ہمدرد مسلمانوں سے دردمندانہ التماس ہے۔ کہ وہ قومی ذہن کو اس غلط راستہ پر نہ لگائیں۔ بلکہ انہیں اپنے زوال کے حقیقی اسباب پر غور کرنے اور اصل بیماری معلوم کرنے کا موقعہ دیں۔ تا ان کی فلاح کی کوئی صورت پیدا ہو سکے۔

اس ضمن میں مسلمانوں کو اتنا سوچ لینا چاہیئے۔ کہ جو چیز آج وہ تلاش کر رہے ہیں۔ وہ کوئی نئی نہیں۔ بلکہ پہلے ایک بار قائم ہو چکی ہے۔ اور اب بھی اگر قائم ہو سکتی ہے تو اُسی رنگ میں جس رنگ میں کہ پہلے قائم ہوئی تھی۔ جو تنظیم وہ آج ڈھونڈھ رہے ہیں۔ وہ کسی فرد یا کسی سوسائٹی نے قائم نہ کی تھی۔ بلکہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے اس کے قیام کے سامان پیدا ہوئے تھے۔ اور آج بھی وہ اسی صورت میں قائم ہو سکتی ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے اس کے لئے جو انتظام کیا گیا ہے۔ اُسے مسلمان قبول کر لیں۔ ورنہ اپنے طور پر خواہ چھوٹے پیمانے پر کام کیا جائے۔ یا بڑے پیمانہ پر گوہر مقصود کا ہاتھ آنا مشکل ہے۔


حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے آکر مسلمانوں کی کامیابی کا راستہ کھول دیا ہے۔ وہ سڑک تیار کر دی ہے جس پر چل کر وہ منزل مقصود پر پہنچ سکتے ہیں۔ وہاں پر پہنچنے کا خیال بھی ایک طبقہ کے دل میں چٹکیاں لے رہا ہے مگر تعصب کا بُرا ہو۔ کہ وہ دُور دُور رہنے پر مجبور کر رہا ہے :-

# سالانہ اجتماع
## ۱۳۲۲ ہش
## ۱۹۴۳ء

### ہر خادم کا ضروری سامان

۱۔ بستر
۲۔ موٹی چھڑی
۳۔ تھیلا
۴۔ چنوں کی تھیلی
۵۔ پٹی پتلون یا لمبی
۶۔ چاقو
۷۔ پلیٹ و گلاس
۸۔ دیا سلائی
۹۔ دھاگا
۱۰۔ سوئی
۱۱۔ رسی ۱۴ فٹ
۱۲۔ غلیل } اختیاری
۱۳۔ ٹارچ } اختیاری

۲۲ ۔ ۲۳ ۔ ۲۴
اخاء
اکتوبر




مرزا ناصر احمد صدر مجلس خدام الاحمدیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# الوہیت مسیح کا بے بنیاد عقیدہ

حضرت مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں:۔
"یہ خیال مت کرو کہ میں توریت یا نبیوں کی کتاب منسوخ کرنے کو آیا ہوں۔ منسوخ کرنے کو نہیں بلکہ پوری کرنے کو آیا ہوں۔" (متی ۵/۱۷)

عیسائی صاحبان ایمان رکھتے ہیں۔ کہ حضرت یسوع مسیح کے متعلق عہد عتیق میں پیشگوئیاں پائی جاتی ہیں۔ ان سے عرض ہے۔ کہ وہ عہد عتیق میں سے صرف ایک پیشگوئی ایسی پیش کریں۔ جس میں پایا جاتا ہو۔ کہ کسی زمانہ میں خدا جو کہ خالق و مالک قادر مطلق علیم کل اور غیر محدود ہے۔ مخلوق و مملوک عاجز۔ محدود العلم اور محدود الصفات مجسم انسان بن کر آئے گا۔ یا اس کی دو حیثیتیں ہوں گی ایک خدائی یعنی خالق کی۔ اور دوسری انسانی یعنی مخلوق کی ایسی پیشگوئی بیّن اور صاف صاف الفاظ میں ہونی چاہیئے۔

بائیبل میں لکھا ہے کہ
"تب یسوع اپنے لوگوں اور اپنے شاگردوں سے کہنے لگا۔ کہ فقیہہ اور فریسی موسیٰ کی گدی پر بیٹھے ہیں۔ اور اس لئے جو کچھ وہ تمہیں ماننے کے لئے کہیں مانو اور عمل میں لاؤ۔ لیکن ان کے سے کام نہ کرو کیونکہ وہ کہتے ہیں پر کرتے نہیں۔" متی ۲۳/۱ تا ۳

پس یہودی فقیہوں اور فریسیوں کی تحقیق تفہیم اور تفسیر کو حضرت مسیح علیہ السلام قابل تسلیم قرار دیتے ہیں۔ کسی یہودی مفسر کا حوالہ پیش کریں۔ جس میں اس نے حضرت مسیح علیہ السلام کے ظہور سے پیشتر یہ تفسیر کی ہو۔ کہ کتاب مقدس کی فلاں آیت کی رُو سے خدا ہی مجسم ہو کر آئے گا۔ یعنی ایک حیثیت سے خدا اور ایک حیثیت سے عاجز انسان ہوگا۔

حضرت مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں:۔
"لومڑیوں کے لئے بھٹ ہیں پرندوں کے لئے گھونسلے مگر ابن آدم کو سر دھرنے کو جگہ نہیں ملتی۔" (متی)

اس عبارت میں حضرت مسیح علیہ السلام نے صاف صاف الفاظ میں اپنے آپ کو ابن آدم یعنی انسان قرار دیا ہے۔ اور انسان بھی ایسا جو خود اپنے لئے ایک جھونپڑی بھی نہیں بنا سکتا۔ اسی طرح عیسائی صاحبان سے گزارش ہے۔ کہ وہ واضح الفاظ میں کوئی ایسا حوالہ پیش کریں۔ جس میں حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا ہو۔ کہ میں ایک حیثیت سے خالق و قادر مطلق خدا ہوں۔ اور ایک حیثیت سے عاجز انسان۔ اگر کوئی حوالہ صاف اور صریح نہیں ملتا۔ اور الوہیت مسیح کی بنیاد صرف تاویلات پر ہی ہے۔ تو بھائیو انسانی عقل تو غلطی کھا سکتی ہے۔ کیونکہ کتاب مقدس میں ایسے لوگوں کے متعلق جو خدا کے صاف صاف کلام پر کسی عقیدہ کی بناء نہ رکھیں۔ یہ کہا گیا ہے۔

"وہ اپنے آپ کو دانا جتا کر بے وقوف بن گئے۔ اور غیر فانی خدا کے جلال کو فانی انسان اور پرندوں (چڑیوں) اور چوپاؤں اور کیڑوں مکوڑوں کی صورت میں بدل ڈالا۔" (رومیوں ۱/۲۲، ۲۳)

بھائیو الوہیت مسیح علیہ السلام کا عقیدہ محض انسانی خیالات پر مبنی ہے۔ اس کی کوئی مضبوط بنیاد نہیں۔ اس کے برعکس توحید پر سینکڑوں حوالے عہد عتیق اور عہد جدید میں موجود ہیں۔ لہذا الوہیت مسیح کا مسئلہ غلط اور توحید الٰہی کا مسئلہ فطرتی اور کلام الٰہی پر مبنی ہے۔ خداوند تعالیٰ آپ لوگوں کو اسے سمجھنے کی توفیق بخشے۔

خاکسار (ڈاکٹر) عبدالرحمٰن آف موگا

# اڑیسہ میں قحط کی مصیبت

اہل بنگالہ کی فاقہ زدگی تو اب زبانِ زدِ خلائق ہو چکی ہے۔ مگر اہل ملک میں سے بہت تھوڑے ایسے ہوں گے۔ جن کو اس بات کا علم ہوگا۔ کہ بنگالہ کے علاوہ ہندوستان کے بعض اور علاقے بھی ہیں۔ جہاں کے باشندوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ اڑیسہ کے بعض اضلاع میں ہر دو تین سال کے بعد ایک بار شدید آفات ارضی و سماوی کا نزول ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے جان و مال کا بے حساب نقصان ہوتا ہے۔ چنانچہ گزشتہ سال جو طوفان وہاں نمودار ہوا۔ اس سے ہزاروں انسان اور مویشی ہلاک ہوئے سینکڑوں مربع میل کے رقبہ میں فصلیں برباد ہو گئیں۔ آج وہاں یہ حال ہے۔ کہ بعض ساحلی خطوں میں قحط سالی و گرانی اشیاء کی وجہ سے لوگ ایک ایک دانہ کو محتاج ہیں۔ اور جانوروں کی طرح گھاس درختوں کے پتوں اور جڑوں پر ان کا گزارہ ہے۔ ان کے بدن ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گئے ہیں۔ اور جن لوگوں نے بنگال اور اڑیسہ کے حالات کا مطالعہ کیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ اڑیسہ کے ان علاقوں کی حالت اور وہاں کے باشندوں کی مصیبت بنگالہ سے زیادہ نہیں۔ تو کسی صورت میں کم بھی نہیں۔ ان بدنصیبوں کو موت کے پنجہ سے رہائی دینے کی غرض سے سرکار اور پبلک کی متحدہ کوششوں سے قریباً ایک درجن مفت لنگر خانے جاری کئے گئے ہیں۔ جہاں قریباً دس ہزار مفلوک الحال مردہ صورت فاقہ زدوں کو روزانہ کھانا مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ حسب ذیل احباب نے اس کار خیر میں قابل تعریف حصہ لیا ہے۔ جس کے لئے ہم ان کے ممنون ہیں جزاھم اللہ احسن الجزاء

| | |
|---|---|
| حضرت سیٹھ عبداللہ الٰہ دین صاحب سکندر آباد | دو صد روپیہ |
| نواب احمد نواز جنگ بہادر او بی ای | دو سو پچاس روپیہ |
| زینب حسن صاحبہ | ڈیڑھ سو روپیہ |
| (سیکرٹری) لجنہ اماء اللہ سکندر آباد | پچاس روپیہ |

جو احباب اس کار خیر میں حصہ لینا چاہیں۔ وہ اپنی رقم امداد بنام کلکٹر گنجام اوڑیسہ روانہ فرمائیں

# تحریک کشمیر کا کام بند نہیں ہوا

اخبار الفضل کے مطالعہ سے معلوم ہوا۔ کہ اب جماعت ہائے احمدیہ کو کشمیر ریلیف کی ادائیگی کی طرف پہلے جیسی توجہ نہیں رہی۔ میں جماعت کے دوستوں اور بزرگوں کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ کہ تحریک کشمیر حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی ہی جاری کردہ ہے اور سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الہام کے مطابق اسیروں کے رستگار حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اہل کشمیر کے لئے جو کچھ کیا وہ دنیا سے پوشیدہ نہیں ہے۔ جو کچھ بھی بیداری اور بہتری کا کام کشمیر میں ہوا ہے۔ وہ حضور کے زمانے میں ہی ہوا ہے۔ اہل کشمیر حضور کے اس احسان کو کبھی نہیں بھول سکتے۔

اب بھی حضور کی ہدایات کے ماتحت کشمیر میں عوام کی بہبودی کا کام بدستور جاری ہے بہت سا کام باقی ہے۔ جس کو حضور کے منشاء کے مطابق پورا کرنا ہے۔

اس لئے میں تمام جماعت کے دوستوں اور بزرگوں سے اپیل کرتا ہوں۔ کہ چندہ کشمیر فی روپیہ ایک پائی کے حساب سے جاری رکھیں۔ جب تک حضور اس چندہ کو بند نہ فرمائیں۔ ہر ایک مخلص دوست کا فرض ہے۔ کہ اس میں باقاعدہ حصہ لے کر عند اللہ ماجور ہوں۔ اور اہل کشمیر کو بھی شکریہ کا موقعہ بخشے۔ خاکسار غلام نبی گلگار نائب امیر جماعت ہائے احمدیہ

# پروگرام دورہ صاحبزادہ کیپٹن مرزا شریف احمد صاحب

صاحبزادہ کیپٹن مرزا شریف احمد صاحب ایم۔ اے۔ او۔ لاہور اور یا احمدیہ کمپنی کی بھرتی کے لئے انشاء اللہ ۱۵ ماہ حال سے دورہ شروع فرمائیں گے۔ پہلے دو دن ضلع گوجرانوالہ کے چار مقامات پر بھرتی کریں گے۔ پروگرام علیحدہ شائع کر دیا جائے گا۔ اور ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۳ء سے ضلع سیالکوٹ کا دورہ شروع فرمائیں گے۔ جس کا پروگرام حسب ذیل ہے۔ متعلقہ جماعتیں نوٹ کر لیں اور ملحقہ جماعتوں کو بھی اس کی اطلاع کر دیں۔

| تاریخ | وقت | مقام |
|---|---|---|
| ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۳ء | صبح نو بجے | ڈسکہ |
| " " " | ۳ بجے شام | سیالکوٹ شہر |
| ۱۸ " " | ۱۰ " صبح | رائے پور |
| ۱۹ " " | ۱۰ " " | دانہ زید کا |
| " " " | ۳ " شام | گھٹیالیاں |
| " " " | ۵ " " | پوہلا مہاراں |
| ۲۰ " " | ۱۰ " صبح | سندر گڑھ |
| " " " | ۳ " شام | ڈیریا نوالہ |

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# مرکزی رسید کا حوالہ ملنے پر مزید پڑتال کیجائیگی

تحریک جدید کی مالی قربانیوں کا نو سالہ حساب پہونچنے پر بعض احباب لکھ دیتے ہیں۔ کہ ہم پورے نو سال ادا کر چکے ہیں۔ رجسٹر میں اندراج کر لیا جائے۔ ایسے احباب نوٹ کر لیں کہ نو سالہ حساب بفضل خدا اچھی طرح پڑتال اور تحقیق کے بعد بنایا گیا ہے۔ اب مزید پڑتال صرف اس صورت میں ہو سکتی ہے کہ رقم ادا کرنے والے احباب دفتر محاسب صدر انجمن احمدیہ کی رسید کا نمبر و تاریخ دیں۔ ورنہ بغیر اس کے پڑتال نہیں ہو سکتی۔ اور نہ ہی صرف ان کے لکھنے یا کہنے پر وصولی کا اندراج کیا جا سکتا ہے۔ جب تک کہ تحریک جدید کے خزانہ میں کسی رقم کا پہونچ جانا ثابت نہ ہو جائے۔ اُس وقت تک کوئی اندراج نہیں کیا جا سکتا۔ بس مرکزی خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی رسید کا نمبر اور تاریخ دینا ضروری ہے۔

جن احباب نے سال نہم اب تک ادا نہیں کیا ہے۔ وہ اب بہت ہوشیار ہو جائیں۔ سال آخر کو پہونچ رہا ہے۔ ایسا نہ ہو۔ کہ وہ سال کے آخر میں بھی ادا نہ کر سکیں۔ اور اُن کو ندامت اور حسرت ہو۔ مگر بعد میں ندامت اور حسرت فائدہ نہ دے گی۔ بس ابھی وقت ہے۔ فوری توجہ کر کے اپنا سال نہم جلد تر ادا کریں۔ اللہ تعالےٰ توفیق بخشے۔ والسلام

فنانشل سکرٹری تحریک جدید

---

## ایک با موقع جائداد قابل فروخت

تین عدد دوکانات جن میں سے دو پختہ تعمیر شدہ کرایہ پر چڑھی ہوئی ہیں۔ ایک قابل تعمیر ہے۔ تینوں کا رقبہ سوا چار مرلہ ہے اور عمدہ بالاخانہ بن سکتا ہے۔ مسجد اقصیٰ سے متصل ہے۔ اور مسجد سے تقریریں اور خطبات وغیرہ بآسانی سنے جا سکتے ہیں۔ خط و کتابت بنام رحمت اللہ شاکر دفتر الفضل کی جائے

---

## جماعت احمدیہ کلانور کا تبلیغی جلسہ

جماعت احمدیہ کلانور کا ملتوی شدہ اجلاس ۳۰، ۳۱ اکتوبر بروز ہفتہ اتوار زیر صدارت حضرت میر محمد اسحٰق صاحب منعقد ہوگا۔ تمام احمدی احباب شریک جلسہ ہو کر فریضہ تبلیغ کی ادائیگی میں شامل ہو کر عند اللہ ماجور ہوں۔

خاکسار انچارج دفتر مقامی تبلیغ قادیان

---

## انتخاب صدر

مجلس خدام الاحمدیہ کے دستور اساسی کی دفعہ ۹۷ کی رُو سے سالہائے ماسبق میں صدر اور معتمد کے عہدوں کا تقرر بذریعہ انتخاب کیا جا رہا ہے۔ اور اسی دستور کے ماتحت امسال بھی ہر دو عہدوں کیلئے انتخاب کا اعلان کیا گیا تھا۔ مگر اب مجلس عاملہ مرکزیہ نے دستور اساسی کی دفعہ ۹۷ کو بدل دیا ہے۔ جس کے مطابق آئندہ صرف صدر مجلس کا تقرر بذریعہ انتخاب ...

---

**ڈاکٹر محمد موسیٰ صاحب** جو کلکتہ کے ایک کالج کے ڈگری یافتہ ہیں۔ قادیان میں ہومیوپیتھک علاج کی دوکان مسجد دار الفتوح کے پاس کھول ... وہ بنگال میں متفرق مقامات پر پریکٹس کر چکے ہیں۔ حاجتمند اصحاب اُن کے طبی مشورہ سے فائدہ حاصل کریں۔

مفتی محمد صادق قادیان

اوقات کار صبح ۹ بجے سے ایک بجے تک

---

## کوئن ٹیبلس ٹکیاں ملیریا سے

بچنے کے لئے بہترین دوا ثابت ہو چکی ہیں! (۱۰۰ ٹکیہ دو روپے) محصول ڈاک نو آنے دو شیشی تک۔

دی کوئن سٹورز قادیان

---

## موتی دانت پوڈر

جملہ امراض دندان کیلئے تریاق ہے۔ قیمت دو اونس کی شیشی جو خاصی مدت کیلئے کافی ہے ایک روپیہ

ملنے کا پتہ: مینیجر نور اینڈ سنز نور بلڈنگ قادیان پنجاب۔

---

## عرق نور رجسٹرڈ

ضعف جگر۔ بڑھی ہوئی تلی۔ اور یرقان کو دُور کرنے کے علاوہ معدہ اور جگر میں طاقت پیدا کرتا ہے۔ پٹھوں اور جوڑوں کی درد کو دُور کر کے مضبوط بناتا ہے۔ ضعف جنسی۔ کمزوری اعصاب کو دُور کرتا ہے۔ غذا کو ہضم کر کے صالح خون پیدا کرتا ہے۔ دائمی قبض کو رفع کر کے سچی بھوک پیدا کرتا ہے۔ نیز معدہ اور پھیپھڑوں کی اصلاح کرتا ہے۔ پرانی کھانسی۔ درد کمر۔ خارش۔ دم پھولنا۔ گھبراہٹ اور سستی و کاہلی کو رفع کرتا ہے۔ عرق نور رنگ سُرخ۔ خون میں صفائی اور جسم میں فولادی طاقت اور وزن میں زیادتی پیدا کر کے آئندہ بہت سی بیماریوں سے بچانے اور طاقت کو قائم رکھنے کیلئے اکسیر ہے۔ عرق نور عورتوں کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ بانجھ پن کی بینظیر دوا ہے۔ اسکے استعمال سے ایام ماہواری کی درد شرطیہ طور پر دُور ہو جاتی ہے۔ خون کی کمی بیشی اور بے قاعدگی کو دُور کر کے رحم کو قابل تولید بناتا ہے۔ قیمت فی بکس ۱۲ خوراک عہ محصول ڈاک علاوہ۔

المشتہر:- ڈاکٹر نور بخش اینڈ سنز عرق نور قادیان

---

## اٹھرا اسقاط حمل کا مجرب علاج
## حب اٹھرا رجسٹرڈ

جو مستورات اسقاط کی مرض میں مبتلا ہوں یا جن کے بچے چھوٹی عمر میں فوت ہو جاتے ہوں۔ اُن کے لئے حب اٹھرا رجسٹرڈ نعمت غیر مترقبہ ہے۔ حکیم نظام جان شاگرد حضرت مولوی نور الدین خلیفۃ المسیح اول رضؓ شاہی طبیب سرکار جموں و کشمیر نے آپ کا تیار کردہ نسخہ تیار کیا ہے حب اٹھرا رجسٹرڈ کے استعمال سے بچہ ذہین۔ خوبصورت۔ تندرست اور اٹھرا کے اثرات سے محفوظ پیدا ہوتا ہے۔ اٹھرا کے مریضوں کو اس دوا کے استعمال میں دیر کرنا گناہ ہے۔

قیمت فی تولہ عہ مکمل خوراک گیارہ تولے یکدم منگوانے پر للعہ

حکیم نظام جان شاگرد حضرت مولانا نور الدین خلیفۃ المسیح اول رضؓ دواخانہ معین الصحت قادیان

---

## نزد جام عشق

اس کے بڑے اجزاء مشک تاتار۔ ایرانی مونگا۔ زعفران۔ سنکھیا کا تیل اور کشتہ شنگرف تو پہلے ہی بہت قیمتی تھے۔ مگر جنگ کے باعث اور زیادہ گراں ہو گئے ہیں۔ اور دارچینی تو بالکل ناپید ہو گئی ہے۔ اگر ملتی ہے۔ تو مختلف دوکانوں سے۔ اکثر دوکاندار دارچینی کی بجائے تج بیچ رہے ہیں۔ جو لیسدار اور پھیکی ہوتی ہے وہ اگر ارزاں ہے۔ مگر بے فائدہ۔ عقرقرحا منڈی میں اسّی روپیہ سیر ہے اور جائفل بائیس روپیہ سیر ہے۔ اسی طرح دوسری ادویہ سخت گراں ہیں۔ اب خود غور فرمائیں۔ کہ یہ گولیاں صحیح اجزاء سے تیار کی جائیں۔ تو کس قدر دی جا سکتی ہیں۔ تاہم پہلے ایک روپیہ کی سات گولیاں دیتا رہا ہوں جو مقدار میں چھوٹی تھیں۔ اب ایک روپیہ کی چھ گولیاں کر دی ہیں۔ مگر بڑی بڑی۔ انکی کل مقدار میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ اگر ان سب باتوں کے باوجود آپ صحیح دوائی نہ خرید فرماویں تو آپکی مرضی! قیمت عہ کی چھ گولیاں

طبیہ عجائب گھر قادیان

---

سب نور کی طرح ہر ایک فریفتہ ہو رہا ہے

## بچوں کا شربت

بچوں کو تندرست و توانا بنا کر ہر مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ بدہضمی۔ دانت نکلنے کی تکلیف۔ بے چینی۔ لاغری۔ قے۔ دست پیچش۔ کھانسی۔ سوکھا۔ بخار قبض۔ نیند نہ آنا کمی خون وغیرہ کو دُور کر کے وزن کو بھی بفضل خدا بڑھاتا ہے۔ ڈیڑھ ماہ کی عمر سے لے کر تین چار سال تک متواتر استعمال کراتے رہیں۔ گرائپ واٹر اور دیگر تمام ایجادوں سے بڑھ کر ثابت نہ ہو۔ تو ہم ذمہ وار۔

شیشی دو اونس آٹھ آنہ چار اونس ایک روپیہ محصول ڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ

شفاخانہ رفیق حیات

متصل منارۃ المسیح قادیان پنجاب

